# گرامر کا سبق 7d مزید فیه: تَدَارَسَ

چلیے اب ہم مزید فیہ کا ایک اور فعل تَدَارَسَ (دَرَسَ ← تَدَارَسَ) کو لیتے ہیں۔ سامنے والے تَـ کو اور الف کو تمام صیغوں میں ساتھ لے کر چلنا ہے۔ قرآن میں اس طرح کے افعال تقریبًا 100 بار آئے ہیں۔

- مضارع کی چابی: يَتَدَارَسُ۔
- امر کی چابی: تَدَارَسْ۔ آخری حرف پر سکون لگایئے۔ یہاں یہ یاد رکھیے کہ آخری حرف سے پہلے حرف پر زیر نہیں لگانا ہے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُتَدَبِّر، مُتَدَبَّر

تَدَارَسَ: اس نے ایک دوسرے کو پڑھایا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضِ | | فعل مضارِع | | فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَدَارَسَ | اس نے ایک دوسرے کو پڑھایا | يَتَدَارَسُ | وہ ایک دوسرے کو پڑھاتا ہے | تَدَارَسْ | ایک دوسرے کو پڑھا! |
| تَدَارَسُوْا | ان سب نے ایک دوسرے کو پڑھایا | يَتَدَارَسُوْنَ | وہ سب ایک دوسرے کو پڑھاتے ہیں | تَدَارَسُوْا | ایک دوسرے کو پڑھاؤ! |
| تَدَارَسْتَ | آپ نے ایک دوسرے کو پڑھایا | تَتَدَارَسُ | آپ ایک دوسرے کو پڑھاتے ہیں | لَا تَتَدَارَسْ | ایک دوسرے کو مت پڑھا! |
| تَدَارَسْتُ | میں نے ایک دوسرے کو پڑھایا | أَتَدَارَسُ | میں ایک دوسرے کو پڑھاتا ہوں | لَا تَتَدَارَسُوْا | ایک دوسرے کو مت پڑھاؤ! |
| تَدَارَسْتُمْ | آپ سب نے ایک دوسرے کو پڑھایا | تَتَدَارَسُوْنَ | آپ سب ایک دوسرے کو پڑھاتے ہیں | مُتَدَارِس | ایک دوسرے کو پڑھانے والا |
| تَدَارَسْنَا | ہم سب نے ایک دوسرے کو پڑھایا | نَتَدَارَسُ | ہم سب ایک دوسرے کو پڑھاتے ہیں | — | - |
| تَدَارَسَتْ | اس عورت نے ایک دوسرے کو پڑھایا | تَتَدَارَسُ | وہ عورت ایک دوسرے کو پڑھاتی ہے | تَدَارُس | ایک دوسرے کو پڑھانا |

## عربی بول چال

هَلْ تَدَارَسَ الْقُرْاٰنَ؟ نَعَمْ، تَدَارَسَ الْقُرْاٰنَ.

هَلْ تَدَارَسُوا الْقُرْاٰنَ؟ نَعَمْ، تَدَارَسُوا الْقُرْاٰنَ.

هَلْ تَدَارَسْتَ الْقُرْاٰنَ؟ نَعَمْ، تَدَارَسْتُ الْقُرْاٰنَ.

هَلْ تَدَارَسْتُمُ الْقُرْاٰنَ؟ نَعَمْ، تَدَارَسْنَا الْقُرْاٰنَ.

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ يَتَدَارَسُوْنَ الْقُرْاٰنَ؟ نَعَمْ، يَتَدَارَسُوْنَ الْقُرْاٰنَ.
- فعل امر: تَدَارَسُوا الْقُرْاٰنَ! نَتَدَارَسُ الْقُرْاٰنَ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتُمْ مُتَدَارِسُوْنَ؟ نَعَمْ، نَحْنُ مُتَدَارِسُوْنَ.

تَدَارَسَ ہی کی طرح تَشَابَهَ (وہ یکساں اور ہم شکل ہوا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔

# مزید فیہ: اِنْقَلَبَ

اب ہم مزید فیہ کا ایک اور فعل اِنْقَلَبَ (قَلَبَ ← اِنْقَلَبَ) کو لیتے ہیں۔ سامنے والے اِنْـ کو تمام صیغوں میں ساتھ لے کر چلنا ہے۔ قرآن میں اس طرح کے افعال تقریبًا 100 بار آئے ہیں۔

- مضارع کی چابی: یَنْقَلِبُ۔ مضارع بناتے وقت شروع کا ہمزہ وصل گر جاتا ہے۔
- امر کی چابی: اِنْقَلِبْ۔ ماضی کی چابی کے آخری حرف پر سکون لگائیے۔ اور آخر سے پہلے حرف پر زیر لگائیے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُنْقَلِب ، مُنْقَلَب

اِنْقَلَبَ: وہ پھر گیا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضٍ | | فعل مضارِع | | فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْقَلَبَ | وہ پھر گیا | یَنْقَلِبُ | وہ پھرتا ہے | اِنْقَلِبْ | پھر جا! |
| اِنْقَلَبُوْا | وہ سب پھر گئے | یَنْقَلِبُوْنَ | وہ سب پھرتے ہیں | اِنْقَلِبُوْا | پھر جاؤ! |
| اِنْقَلَبْتَ | آپ پھر گئے | تَنْقَلِبُ | آپ پھرتے ہیں | لَا تَنْقَلِبْ | مت پھر جا! |
| اِنْقَلَبْتُ | میں پھر گیا | أَنْقَلِبُ | میں پھرتا ہوں | لَا تَنْقَلِبُوْا | مت پھر جاؤ! |
| اِنْقَلَبْتُمْ | آپ سب پھر گئے | تَنْقَلِبُوْنَ | آپ سب پھرتے ہیں | مُنْقَلِب | پھرنے والا |
| اِنْقَلَبْنَا | ہم سب پھر گئے | نَنْقَلِبُ | ہم سب پھرتے ہیں | - | - |
| اِنْقَلَبَتْ | وہ عورت پھر گئی | تَنْقَلِبُ | وہ عورت پھرتی ہے | اِنْقِلَاب | پھرنا |

## ۞۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞۞

هَلِ انْقَلَبَ إِلَی اللهِ؟ نَعَمْ، اِنْقَلَبَ إِلَی اللهِ.

هَلِ انْقَلَبُوْا إِلَی اللهِ؟ نَعَمْ، اِنْقَلَبُوْا إِلَی اللهِ.

هَلِ انْقَلَبْتَ إِلَی اللهِ؟ نَعَمْ، اِنْقَلَبْتُ إِلَی اللهِ.

هَلِ انْقَلَبْتُمْ إِلَی اللهِ؟ نَعَمْ، اِنْقَلَبْنَا إِلَی اللهِ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ تَنْقَلِبُوْنَ إِلَی اللهِ؟ نَعَمْ، نَنْقَلِبُ إِلَی اللهِ.
- فعل امر: اِنْقَلِبُوْا إِلَی اللهِ! نَنْقَلِبُ إِلَی اللهِ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُنْقَلِبٌ إِلَی اللهِ؟ نَعَمْ، أَنَا مُنْقَلِبٌ إِلَی اللهِ.

اِنْقَلَبَ ہی کی طرح اِنْطَلَقَ (وہ چلا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔